# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 10 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ موسمیاتی تبدیلی کے بحران کا حل جین برادری کے پائیدار طرزِ زندگی میں مضمر ہے: وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ آبی انتظامی اُمور کی جدید کاری کیلئے ملک بھر میں 78 پائلیٹ پروجیکٹ شروع کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ ''سنواد مراٹھواڑیاشی'' مہم کے تحت کل ڈویژنل کمشنر ویبینار کے ذریعے شہریوں سے کرینگے گفت وشنید۔

☆ انسدادِ منشیات شاخ کی جانب سے لاتور میں کی گئی بڑی کارروائی میں 17 کروڑ روپئے کی منشیات ضبط۔

اور۔۔۔☆ جون تا ستمبر کے عرصے کے دوران ملک میں اوسطاً شرح کی 103 فیصد بارش کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی آج کا سب سے بڑا بحران ہے اور جین برادری کی صدیوں سے چلی آرہی پائیدار طرزِ زندگی ہی اس کا واحد حل ہے۔ آج کے مہاویر جینتی کے حوالے سے نوکار مہامنتر دِن کے سلسلے میں کل نئی دہلی میں منعقدہ ایک تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ نوکار مہامنتر، جین مذہب میں عدم تشدد، ایثار اور روحانی ترقی کے اُصولوں کا منتر ہے اور سادگی، ضبطِ نفس اور دوام، جین برادری کے طرزِ زندگی کی بنیاد ہے۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: PM NARENDRA MODI**

اس پروگرام میں وزیرِ اعظم نے 108 سے زائد ممالک کے شہریوں کے ساتھ مہامنتر کا جاپ کیا۔

***** ***** *****

مرکزی حکومت نے کمانڈ ایریا ڈیویلپمنٹ اور آبی انتظامی اُمور کی جدید کاری کو منظوری دے دی ہے۔ وزیرِ اعظم زرعی آبپاشی اسکیم کے اقدام کے طور پر چلائے جانے والے 78 پائیلٹ پروجیکٹس میں 80 ہزار کسانوں کو شامل کیا جائے گا۔ کل مرکزی کابینی اجلاس کے بعد اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ اس اسکیم کے باعث کسانوں کو پانی کے ہر قطرے سے زرعی پیداوار میں اضافے میں مدد ملے گی۔ اشونی ویشنو نے کہا:

**BYTE: ASHWINI VAISHNAW**

***** ***** *****

ریزرو بینک آف انڈیا نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کیلئے مانیٹری پالیسی کا اعلان کردیا ہے۔ آر بی آئی نے ریپو ریٹ میں صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد تخفیف کرکے اسے چھ فیصد کردیا ہے۔ ریزرو بینک کے گورنر سنجئے ملہوترا نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے مزید کہا کہ 26-2025 کیلئے شرح نمو متوقع چھ اعشاریہ سات فیصد سے کم ہوکر چھ اعشاریہ پانچ فیصد رہنے کا امکان ہے اور مہنگائی کی شرح چار فیصد رہنے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے ذیلی طبّی مراکز سے لیکر ریفرل سروس اسپتالوں تک مختلف طبّی اداروں کومضبوط کرنے کیلئے ایک جامع منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت وزیرِاعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے دی ہے۔کل وکاس بینک کے تعاون سے طبّی تعلیم اور محکمۂ صحتِ عامہ کے منصوبوں سے متعلق اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔جن مقامات پرطبّی کالجوں کومحکمۂ صحتِ عامہ کے اسپتالوں سے منسلک کیا گیاہے اُن مقامات پر آبادی اور مریضوں کی تعداد کے مطابق علیحدہ اسپتال قائم کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

ریاستی قانون ساز کونسل کے چیئر مین رام شندے نے کہاہے کہ عوامی فلاحی اسکیموں کوعوام تک پہنچنے کیلئے ''سیوا سنکلپ شبیر'' ایک قابلِ ستائش قدم ہےاوراپیل کی کہ عوام اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔وہ کل پربھنی ضلع کے سیلو میں منعقدہ عزمِ خدمات کیمپ سے خطاب کررہے تھے۔انھوں نے تیقن دیا کہ سیلوکوشمسی توانائی سے چلنے والاشہر بنانے کا عزم یقیناً پورا ہوگا اور پربھنی ضلع کی ترقی کیلئے ضروری تعاون کیا جائے گا۔اسی دوران ہنگولی ضلع کے سین گاؤں تعلقے میں ہتا' ساکھرا' تڑنی' سندگی' ریاستی شاہراہ کا سنگِ بنیاد بھی رام شندے نے رکھا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ اس شاہراہ سے حمل ونقل کیلئے لگنے والے وقت میں کمی آئیگی اورزرعی پیداوار کیلئے مارکیٹ بہ آسانی دستیاب ہوں گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بھگوان مہاویر جینتی آج منائی جارہی ہے۔گورنرسی پی رادھا کرشنن نے ریاست کی عوام کومہاویر جینتی کے سلسلے میں مبارکباد دی ہے۔اپنے تہنیتی پیغام میں انھوں نے کہا کہ یہ دن بھگوان مہاویر کی عدم تشدد' ایثار' معافی' جانداروں کیلئے خلوص اور دیگر کئی پہلوؤں پرمبنی تعلیمات کی یاددہانی کرواتا ہے۔ نائب وزیرِاعلیٰ ایکناتھ شندے نے بھی مہاویر جینتی پر نیک خواہشات پیش کی ہیں۔

چھترپتی سمبھاجی نگرشہر میں اس سلسلے میں بابا پیٹرول پمپ علاقے کے مہاویر چوک اور ہڈکو ویٹھن گیٹ سے جلوس نکالے جارہے ہیں۔اس لیے چھاؤنی کے لوکھنڈی پُل تا سیشن کورٹ' کارتکی سگنل یا پنچوٹی چوک اور مہاویر چوک فلائی اوور کا راستہ صبح دس بجے تک ٹریفک کیلئے بند رہے گا۔

***** ***** *****

''سنوادمراٹھواڑیاشی'' مہم کے تحت ڈویژنل کمشنر دلیپ گاؤڑے کل شہریوں سے ویبینار کے ذریعے بات چیت کریں گے۔یہ مہم مراٹھواڑہ کے آٹھ اضلاع کے شہریوں کوچھترپتی سمبھاجی نگر کے سرکاری دفاتر کے چکرلگانے کی زحمت اور وقت کے ضیاع سے بچانے کیلئے شروع کی گئی ہے۔اس کے تحت کمشنر ہر ہفتے عوام سے بات چیت کریں گے۔کل ہونے والے ویبینار میں مہاراشٹر دیہی حیات مہم کے عنوان سے گفت وشنید ہوگی۔ڈپٹی ڈویژنل کمشنر ڈاکٹر اننت گوہانے نےعوام سے اپیل کی ہے کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

***** ***** *****

نارکوٹکس کنٹرول شاخ نے لاتور ضلع میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے 17 کروڑ روپئے کی منشیات ضبط کرلی ہیں۔چاکور تعلقے کے روحینا گاؤں میں ممبئی اور پونہ کی انسدادِمنشیات شعبے کی ٹیموں کی جانب سے یہ کارروائی کی گئی۔اس معاملے کی تفتیش کے سلسلے میں انسدادِمنشیات کی ٹیمیں پانچ ملزمان کواپنے ساتھ لائی تھیں۔جن میں ایک پولس اہلکار بھی شامل تھا۔ضبط شدہ منشیات سمیت تمام ملزمان کوممبئی لے جایا گیا ہے' جہاں آگے کی کارروائی کی جائیگی۔یہ اطلاع لاتور کے پولس سپرنٹنڈنٹ سومئے منڈے نے دی۔

دریں اثناء' ان ملزمان کوممبئی لے جاتے وقت شفیق میمن نامی ملزم نے فرار ہونے کی کوشش کرتے ہوئے پولس کی گاڑی کی اسٹیئرنگ گھمادیا۔جس کے باعث گاڑی اُلٹ کر ایک موٹر سائیکل سے ٹکرا گئی۔اس سلسلے میں شفیق میمن کے خلاف چاکور پولس اسٹیشن میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

***** ***** *****

پیٹھن کے سنت گیا نیشور گارڈن کی تزئین و آراش کیلئے 149 کروڑ روپے کے کاموں کو تیزی سے مکمل کرنے کی ہدایت وزیرِ سیاحت شمبھوراجے دیسائی نے دی ہے۔کل ممبئی میں پیٹھن کی سیاحتی ترقی منصوبے کے سلسلے میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کرر ہے تھے۔انھوں نے کہا کہ یہ فنڈ مرحلہ وار دیا جائے گا اور ہدایت کی کہ ان کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

***** ***** *****

مجوزہ شکتی پیٹھ ہائی وے کی تعمیر منسوخ کرنے کے مطالبے پر کل ہنگولی ضلع کے ڈونگر کڑا میں سوابھیمانی شیتکری سنگھٹنا کے سربراہ راجو شیٹی کی زیرِ قیادت احتجاج کیا گیا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ شکتی پیٹھ شاہراہ پر کسانوں کو اعتراض ہے اس لیے حکومت کسانوں پر دباؤ نہ ڈالے۔انھوں نے انتباہ دیا کہ کسی بھی قیمت پر یہ سڑک تعمیر ہونے نہیں دی جائیگی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع میں امرت سرووَر یوجنا کے دوسرے مرحلے کا افتتاح کل دھاراشیو تعلقے کے سنگولی آبپاشی تالاب پر ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس اسکیم کے تحت سنگولی آبپاشی تالاب سے 50 ہزار کیوبک میٹر تلچھٹ نکالنے کا منصوبہ ہے تاکہ تالاب کے ذخیرے کی صلاحیت بحال ہوسکے۔

***** ***** *****

جون تا ستمبر کے عرصے کے دوران ملک میں اوسطاً شرح کی تقریباً 103 فیصد بارش ہونے کا امکان ہے۔موسمیاتی اُمور سے متعلق خانگی تنظیم اسکائی میٹ نے یہ اطلاع دی۔ابتدائی اندازے کے مطابق اس بار کا موسمِ باراں ملک کیلئے مثبت ہوگا۔

اسی دوران ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت 44 اعشاریہ ایک ڈگری سیلسیئس آکولہ میں ریکارڈ کیا گیا۔مراٹھواڑہ میں درجۂ حرارت دھاراشیو ضلع میں 40، چھترپتی سمبھاجی نگر میں 41 اعشاریہ چھ اور پربھنی میں 41 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ موسمیاتی تبدیلی کے بحران کا حل جین برادری کے پائیدار طرزِ زندگی میں مضمر ہے: وزیرِ اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ آبی انتظامی اُمور کی جدید کاری کیلئے ملک بھر میں 78 پائلیٹ پروجیکٹ شروع کرنے کا مرکزی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ ''سنواد مراٹھواڑیاشی'' مہم کے تحت کل ڈویژنل کمشنر ویبینار کے ذریعے شہریوں سے کرینگے گفت وشنید۔

☆ انسدادِ منشیات شاخ کی جانب سے لاتور میں کی گئی بڑی کارروائی میں 17 کروڑ روپئے کی منشیات ضبط۔

اور۔۔۔☆ جون تا ستمبر کے عرصے کے دوران ملک میں اوسطاً شرح کی 103 فیصد بارش کی پیش گوئی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****